زیادہ اسمارٹ زندگی



مندرجات

آغاز کرتے ہیں — صفحہ 3

چلتے پھرتے اسمارٹ ادائیگی – اہم چیز — صفحہ 4،5

ان ہوم ڈسپلیز — صفحہ 6،7

انرجی کی تجاویز – آپ کی رقم اور اپنے کرہ ارض کو بچانا — صفحہ 8-11

یہ QR کوڈ اسکین کریں اور ہماری نئی باہمی تعامل کی ایپ ڈاؤن لوڈ کریں۔

ایپ میں بے شمار مفید معلومات موجود ہیں اور آپ کے نئے اسمارٹ میٹر کے سلسلے میں آپ کو مدد اور معاونتیں فراہم کرتی ہے۔

ہمیں نہایت خوشی ہے کہ آپ نے اسمارٹ کا انتخاب کیا ہے اور امید کرتے ہیں کہ آپ اپنی توانائی پر کنٹرول رکھنے سے لطف اندوز ہوں گے

اپنے نئے اسمارٹ میٹر پر خوش آمدید

یہ مفید ننھا پرزہ براہ راست آپ کے اسمارٹ میٹر سے مواصلت کرتا ہے اور آپ جو انرجی استعمال کر رہے ہیں اور اس کی لاگت کے متعلق مسلسل اپ ڈیٹس فراہم کرتا ہے۔*

آپ حتیٰ کہ اپنے لیے ایک بجٹ بھی مقرر کر سکتے ہیں اور آپ کا ان ہوم ڈسپلے آپ کو بتائے گا کہ آپ ٹھیک جا رہے ہیں

یہاں جانیں کہ اپنے ان ہوم ڈسپلے کو کیسے بہترین حالت میں برقرار رکھنا ہے

کنکشن منقطع ہو گیا؟

- اپنے ان ہوم ڈسپلے کو میٹر کے قریب لے جائیں۔

چارجنگ ختم ہو گئی؟

- اپنے ان ہوم ڈسپلے کو ساکٹ میں پلگڈ ان کیے رکھیں۔ آپ کے پرزے کو فنکشن کرنے کے لیے مرکزی لائن سے پاور کی ضرورت ہوتی ہے۔

ری سیٹ کرنے کی ضرورت ہے؟

تمام تکنیکی پرزوں کے ساتھ ایسا ہوتا ہے کہ وہ کبھی کبھار کام کرنا بند کر دیتے ہیں اور انہیں ہلکے سے جھٹکے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اسے آف کریں، پاور سورس سے اسے منقطع کریں، بیٹریز نکالیں – ایک منٹ انتظار کریں – پھر یہی عمل بالکل الٹ دہرائیں۔ براہ کرم نوٹ کریں کہ آپ کے استعمال کی معلومات کے ظاہر ہونے میں 24 گھنٹوں تک کا وقت لگ سکتا ہے۔

اب بھی مسائل کا سامنا ہے؟

نقص ازالہ کاری کی مزید تجاویز کے لیے اس پتے پر ہماری ویب سائٹ دیکھیں
edfenergy.com/smart-meters/using-a-smart-meter

آپ کا انتخاب.....

آپ کے نئے اسمارٹ میٹر کے دو موڈز ہیں اور آپ نے اپنی اپائنٹمنٹ بُک کرتے وقت اپنا انتخاب کیا ہو گا:

- چلتے پھرتے اسمارٹ ادائیگی (جہاں آپ اپنے فون یا کسی دکان پر اپنا میٹر ٹاپ اپ کرتے ہیں)
- اسمارٹ کریڈٹ موڈ جہاں آپ بلز کی ادائیگی جاری رکھتے ہیں مثلاً بذریعہ ڈائریکٹ ڈیبٹ

اگلے کچھ صفحات صرف چلتے پھرتے اسمارٹ ادائیگی کے صارفین کے لیے ہیں۔ اگر آپ اسمارٹ کریڈٹ کسٹمر ہیں تو براہ کرم براہ راست صفحہ 6 پر جائیں

* آپ کی بجلی کی معلومات ہر 30 سیکنڈ اور آپ کی گیس کی معلومات ہر 30 منٹ میں اپ ڈیٹ ہوتی ہیں۔

اسمارٹ ’چلتے پھرتے ادائیگی‘ پر خوش آمدید!

ہمیں نہایت خوشی ہے کہ آپ ہمارے ساتھ ہیں۔

آپ کا نیا اکاؤنٹ کب دستیاب ہو گا اس چیز سے آپ کو آگاہ کرنے کی غرض سے ہم اگلے کچھ دنوں میں آپ کو ای میل یا ٹیکسٹ کریں گے۔ پھر یہ ٹاپ اپ کرنے کا وقت ہو گا۔ پریشان نہ ہوں، ہماری طرف سے آپ کا اکاؤنٹ سیٹ اپ کیے جانے کے دوران آپ کی سپلائی مربوط رہے گی۔

آپ کے پرانے میٹر پر بیلنس موجود ہے؟ ہم اسے خود کار طور پر، عموماً 48 گھنٹوں میں ٹرانسفر کر دیں گے۔ بعض اوقات اس میں 10 دن تک لگ سکتے ہیں۔ اس کے مکمل ہو جانے پر ہم آپ کو آگاہ بھی کر دیں گے۔

ٹاپ اپ کرنا

EDF ایپ یا آپ کی ڈیوائس میں MyAccount کے ساتھ آپ:

- اپنا بیلنس دیکھ سکتے اور ٹاپ اپ کر سکتے ہیں
- آسان ادائیگیوں کے لیے اپنے کارڈ کی تفصیلات محفوظ کر سکتے ہیں
- خود کار ٹاپ اپس اور کم بیلنس کے انتباہات سیٹ کر سکتے ہیں

یہ آسان ہے – بس App Store یا Google Play سے EDF ایپ ڈاؤن لوڈ کریں۔ یا اپنا نیا اکاؤنٹ نمبر استعمال کرتے ہوئے edfenergy.com/myaccount پر لاگ ان کریں۔ ابھی تک رجسٹر نہیں ہوئے؟ اس میں صرف کچھ منٹ لگتے ہیں۔

ٹاپ اپ کے دیگر طریقے

ہماری خود کار فون لائن 0333 009 7111^ پر کال کر کے یا کسی PayPoint پر اپنا ٹاپ اپ کارڈ یا صرف اپنی ٹاپ اپ ID استعمال کر کے

آپ کو مربوط رکھنا: اپنے اسمارٹ میٹرز کے سلسلے میں ہمارا انداز صارف دوست ہے۔ بنیادی طور پر اس کا مطلب یہ ہے کہ ”اوقات کار کے علاوہ“ یا اگلے کاروباری دن تک آپ سپلائی سے محروم نہیں ہوں گے۔ آپ اگلی مرتبہ اپنا میٹر ٹاپ اپ کرنے کے بعد اس کی ادائیگی کریں گے۔

آپ کا کریڈٹ کیسے خرچ ہوتا ہے: یہ آپ کی استعمال کردہ انرجی، روزانہ کے مقررہ چارجز اور کسی ڈیبٹ کی دوبارہ ادائیگیوں کے لیے ادائیگی کرتا ہے

کہیں جا رہے ہیں؟ یقینی بنائیں کہ آپ کی اپلائنسز (جیسے آپ کا فریزر) کو آن رکھنے کے لیے کافی کریڈٹ ہو۔ یا تو ہماری ایپ ڈاؤن لوڈ کریں تاکہ آپ کہیں سے بھی ٹاپ اپ کر سکتے ہوں۔ یا جانے سے پہلے ٹاپ اپ کریں۔

مزید کوئی بلز نہیں: آپ کو بلز مزید موصول نہیں ہوں گے، لیکن آپ MyAccount کے ذریعے اپنی ٹاپ اپ ہسٹری ملاحظہ کر سکتے ہیں۔

اگر آپ پر ہماری کوئی رقم واجب الادا ہے: آپ اپنے کسی بھی بقیہ قرض کی ادائیگی کے لیے چلتے پھرتے ادائیگی کا استعمال کر سکتے ہیں۔ ہم آپ کی ادائیگیوں کو وقت کے ایک عرصے پر اور سود سے پاک، ایسی رقم میں تقسیم کر دیتے ہیں جس کی آپ استطاعت رکھتے ہوں۔

مزید مدد درکار ہے؟ edfenergy.com/payg پر آن لائن جائیں جہاں آپ کو ویڈیوز اور اکثر پوچھے گئے سوالات سمیت بے شمار معاونت ملے گی

^ UK بھر کے نمبروں پر کالز آپ کے پاس موجود کسی جامع کال پلان میں شامل ہوتی ہیں۔ اگر آپ کے پاس جامع کال پلان نہیں ہے، تو کالز کو قومی ریٹ پر چارج کیا جائے گا۔ اگر آپ غیر یقینی کا شکار ہیں تو براہ کرم اپنے سروس فراہم کنندہ سے بات کریں

اپنا ان ہوم ڈسپلے استعمال کرتے ہوئے اسمارٹ ’چلتے پھرتے ادائیگی‘

آپ کا ان ہوم ڈسپلے آپ کی ہوم اسکرین پر آپ کا موجودہ کریڈٹ بیلنس ظاہر کرے گا۔

آپ کا بجلی کا بیلنس ہر کچھ سیکنڈ بعد اور آپ کا گیس میٹر ہر 30 منٹ بعد اپ ڈیٹا ہوتا ہے




کم کریڈٹ کا انتباہ

آپ کا ان ہوم ڈسپلے آپ کی ہوم اسکرین پر تنبیہی پیغام ظاہر کرے گا۔

ہنگامی کریڈٹ کی ضرورت ہے؟ اسے آپ کے میٹر میں اسٹور کیا گیا ہے بصورت آپ کسی وجہ سے ٹاپ اپ نہ کر سکتے ہوں۔ آپ اپنے اگلے ٹاپ اپ پر اسے واپس ادا کریں گے۔ آپ اپنا کریڈٹ بیلنس £1 یا کم ہونے پر اسے فعال کر سکتے ہیں۔ آپ اپنے ان ہوم ڈسپلے پر مینو میں ہنگامی کریڈٹ (ہر فیول کے لیے £10) تلاش کر سکتے ہیں

ٹاپ اپ نے کام نہیں کیا؟ اگر کریڈٹ آپ کے بجلی کے میٹر تک نہیں پہنچتا تو آپ اسے 20 عددی یونیک ٹرانزیکشن ریفرنس نمبر (UTRN) استعمال کر کے اپنے ان ہوم ڈسپلے پر دستی طور پر شامل کر سکتے ہیں آپ اس نمبر کو اپنی ٹاپ اپ رسید، تصدیقی پیغام یا ٹاپ اپ ہسٹری کے تحت MyAccount میں تلاش کر سکتے ہیں۔

GEO IHD اسکرین



Chameleon IHD اسکرین



گیس میٹرز کے لیے **edfenergy.com/myutrn** پر جائیں تاکہ یہ دیکھ سکیں کہ اپنے میٹر پر اپنا UTRN کیسے براہ راست درج کرنا ہے

سپلائی منقطع ہو گئی؟ آپ کو پہلے ٹاپ اپ کرنے اور پھر اپنی بجلی کی سپلائی دوبارہ مربوط کرنے کے لیے اپنے ان ہوم ڈسپلے مینو میں ”سپلائی متحرک کریں“ یا ”سپلائی فعال کریں“ منتخب کرنے کی ضرورت ہو گی

اپنے میٹر پر اپنی گیس سپلائی دوبارہ مربوط کرنے کے لیے **edfenergy.com/payg** پر جائیں جہاں آپ کو مددگار اکثر پوچھے گئے سوالات ملیں گے

آپ کا Geo Trio II ان ہوم ڈسپلے



1 سگنل کی قوت

دکھاتا ہے کہ آیا آپ کا ان ہوم ڈسپلے آپ کے میٹر سے موزوں حد تک قریب ہے۔

2 Energy now

Energy now اسکرین کو نصف حصے میں تقسیم کیا جاتا ہے، جس میں بائیں سائیڈ بجلی کے استعمال اور دائیں سائیڈ گیس کے استعمال کے متعلق ہوتی ہے۔

صرف دستیاب انرجی کی اقسام دکھائی جائیں گی – مثال کے طور پر، اگر آپ کے پاس گیس کا اسمارٹ میٹر نہیں ہے تو گیس کا شعلہ نہیں دکھایا جائے گا۔

3 آج کی انرجی

دیکھیں کہ آپ نے آج کیا خرچ کیا ہے، اور اگر آپ نے بجٹ مقرر کیا ہوا ہے تو دیکھیں کہ آپ اس سے کیسے انحراف کر رہے ہیں۔

گزشتہ ہفتے اسی دن کے آپ کے استعمال کی بنیاد پر، یہ پیش گوئی کرے گا کہ آیا آپ آج کے دن بجٹ میں رہیں گے۔ آپ کے انرجی استعمال کرنے سے بیرونی دائرے بھر جاتے ہیں، یوں آپ کو متنبہ کرتے ہیں کہ آیا آپ بجٹ کی حد سے نکلنے والے ہیں یا اس سے باہر جا چکے ہیں

4 لاگت کا ڈسپلے

آپ کے اخراجات کو ظاہر کرتا ہے۔ £/گھنٹہ (ڈیفالٹ) یا انرجی Kw کے درمیان تبدیل کرنے کے لیے 'انتخاب' کا بٹن استعمال کریں۔

5 کنٹرول پینل

اپنے ان ہوم ڈسپلے کو نیویگیٹ کرنے کے لیے اس کا استعمال کریں۔

6 ٹریفک لائٹ

دکھاتی ہے کہ اس وقت آپ کتنی انرجی استعمال کر رہے ہیں۔ سبز رنگ سے مراد سب اچھا ہے۔ عنبر سے مراد ہے کہ آپ کی کچھ چیزیں آن ہیں۔ سرخ سے مراد یہ ہے کہ کوئی چیز سوئچ آف کرنے کا وقت ہے!

آپ کا Chameleon 3 ان ہوم ڈسپلے



1 سگنل کی قوت

دکھاتا ہے کہ آیا آپ کا ان ہوم ڈسپلے آپ کے میٹر سے موزوں حد تک قریب ہے۔

2 بیٹری

اپنے ان ہوم ڈسپلے کو پلگ ان کرنا اور اسے چارج کرنا یاد رکھیں۔ بیٹری کی دو علامتیں ہیں۔ ایک 'کم بیٹری' دکھاتی ہے، دوسری یہ دکھاتی ہے کہ آیا 'مرکزی لائن مربوط کردہ' ہے۔ انہیں ایک ساتھ ظاہر نہیں ہونا چاہیئے۔

3 بجٹ میکر

وہ زیادہ سے زیادہ حد دکھاتا ہے جو آپ ہر روز خرچ کرنا چاہتے ہیں۔

4 لاگت کا ڈسپلے

آپ کے اخراجات کو ظاہر کرتا ہے۔ گزشتہ ایام کے اخراجات پر واپس اسکرول کرنے کے لیے کنٹرول پینل میں موجود تیر کے نشان والی کیز استعمال کریں۔ استعمال (kWh) کو زیریں ڈسپلے پر دکھایا جاتا ہے۔ آپ کتنی انرجی استعمال کر رہے ہیں یہ دیکھنے پر یہ تبدیل ہو جائے گا۔

5 بجٹ ڈائل

دیکھیں کہ آپ نے اپنا روزانہ کا بجٹ کتنا استعمال کر لیا ہے۔

6 فیول ویو

اپنی بجلی، گیس – یا دونوں کا استعمال دیکھیں۔

7 کنٹرول پینل

اپنے ان ہوم ڈسپلے کو کنٹرول کرنے کے لیے اس کا استعمال کریں۔

8 ٹریفک لائٹ

دکھاتی ہے کہ اس وقت آپ کتنی انرجی استعمال کر رہے ہیں۔ سبز رنگ سے مراد سب اچھا ہے۔ عنبر سے مراد ہے کہ آپ کی کچھ چیزیں آن ہیں۔ سرخ سے مراد یہ ہے کہ کوئی چیز سوئچ آف کرنے کا وقت ہے!

یاد رکھیں، آپ کے ان ہوم ڈسپلے کو یہ سیکھنے میں کچھ دن لگ سکتے ہیں کہ آپ کے لیے کیا معمول کی بات ہے – لہٰذا آنے والے ہفتوں میں ٹریفک لائٹ جو آپ کو بتا رہی ہو اس پر نظر رکھیں۔

اسمارٹ بچت

آپ ان فوری اور آسان تجاویز پر عمل کر کے ایک سال میں لگ بھگ £300 کی بچت کر سکتے ہیں۔ سب سے بہترین بات یہ کہ ان پر آپ کا ایک پیسہ بھی خرچ نہیں ہو گا۔

MyAccount کے ذریعے EnergyHub میں اندراج کروائیں تاکہ دیکھ سکیں کہ آپ اپنی انرجی کیسے استعمال کر رہے ہیں اور تاکہ رقم کی بچت کے حوالے سے تجاویز وصول کر سکیں

£13


کمرے سے جاتے ہوئے اپنی لائٹس آف کریں



£95

شاور میں ایک منٹ کم گزاریں اور ایک ہوا والا شاور ہیڈ شامل کریں

رات کے وقت اپنے پردے گرا دیں اور واشنگ کے ساتھ اپنے ریڈی ایٹرز کو ڈھکنے سے گریز کریں



£30

اپنے برتن کھلی ٹونٹی کے نیچے دھونے کی بجائے کسی باؤل میں دھوئیں




£80

اپنے تھرمو اسٹیٹ کو ایک ڈگری کم کریں

£5

واشنگ میشن صرف اس صورت میں استعمال کریں جب کپڑے زیادہ ہوں اور 30° پر دھوئیں



£30

بجلی کی اپلائنسز اور چارجرز کو استعمال کے لیے فوری دستیاب نہ چھوڑیں



£30

ٹمبل ڈرائر کی جگہ کپڑے سکھانے کا ریک استعمال کریں

ان تخمینہ یافتہ سالانہ بچتوں کا ماخذ Energy Savings Trust کی ویب سائٹ ہے۔ یہ ایک اوسط تین بیڈ روم والے جزوی طور پر علیحدہ گھر پر مبنی ہیں۔ اگر آپ مزید جاننے کے خواہشمند ہوں، تو energysavingtrust.org.uk پر جائیں۔

Eco smart

اگر ملک میں ہر کسی کے پاس اسمارٹ میٹر ہو، تو ہم مانچسٹر، کارڈف اور ابرڈین میں موجود ہر گھر کو پورا سال انرجی فراہم کرنے کے لیے انرجی کی کافی بچت کر سکتے ہیں۔ لہٰذا اپنا کردار ادا کرنے کے لیے شکریہ۔

£200

انرجی کے حوالے سے موثر نیا بوائلر نصب کریں

£145

کیویٹی وال انسولیشن سے آپ 640 کلوگرام کاربن تک کی بچت کر سکتے ہیں

+++ انرجی کے حوالے سے موثر اپلائنسز سے ان کے لائف ٹائم میں 580 کلوگرام کاربن تک کی بچت ہو سکتی ہے

انتہائی موثر حرارت کے متبادلات جیسا کہ ہیٹ پمپس سے 2 ٹن کاربن کی بچت ہو سکتی ہے

اسمارٹ اسٹوریج ہیٹرز کو اپ گریڈ کرنے سے فی سال £390 کی بچت ہوتی ہے*

*https://www.dimplex.co.uk/sites/default/files/Running_Cost_Report_2014.pdf

انرجی کی بچت کے اقدامات کے حوالے سے مدد

آپ اپنے گھر میں انرجی کے حوالے سے موثر آلات کی تنصیب میں اپنی مدد کی غرض سے گرانٹ کے اہل ہو سکتے ہیں۔ انسولیشن اور کم کاربن ہیٹنگ کے متبادلات کے متعلق مشورے کے لیے edfenergy.com/smartheating ملاحظہ کریں۔

£130

اپنا لوفٹ انسولیٹ کریں اور 50 کلوگرام کاربن تک کی بچت کریں

£110

A درجہ بندی کی حامل ڈبل گلیزنگ نصب کروائیں

£75

اپنے ریڈی ایٹر والوز کو تھرمو اسٹیٹک والوز سے تبدیل کریں

£35

LED یا انرجی کی بچت والے لائٹ بلبز استعمال کریں



ان تخمینہ یافتہ سالانہ بچتوں کا ماخذ Energy Savings Trust کی ویب سائٹ ہے۔ یہ ایک اوسط تین بیڈ روم والے جزوی طور پر علیحدہ گھر پر مبنی ہیں۔ اگر آپ مزید جاننے کے خواہشمند ہوں، تو energysavingtrust.org.uk پر جائیں۔

https://energysavingtrust.org.uk/advice/air-source-heat-pumps/ - 4 بیڈ والے گھر پر مبنی

یہ جاننا اچھا ہے کہ اضافی معاونت فوری دستیاب ہے

ترجیحی سروسز

ہم معاملات کو کتنا اچھے سے لے کر چل رہے ہیں اس سے قطع نظر – ہم سب کو کبھی کبھار اضافی مدد کی ضرورت ہوتی ہے۔ اور یہاں EDF پر، ہم اس بات کو یقینی بنانا چاہتے ہیں کہ آپ جانتے ہوں کہ اسے کہاں تلاش کرنا ہے۔ لہٰذا اگر آپ بلز یا اپنی مالیات کا نظم کرنے کے متعلق فکرمند ہیں، اپنی مواصلات کسی بڑے پرنٹ، CD پر یا بریل میں وصول کرنا چاہتے ہیں، یا اس بات کو یقینی بنانے کے خواہشمند ہیں کہ آپ کسی وظائف سے محروم نہیں ہیں، تو ہم یہاں آپ کی مدد کے لیے موجود ہیں۔

ہماری ترجیحی سروسز کے متعلق مزید جاننے اور رجسٹر کرنے کے لیے **edfenergy.com/ps** ملاحظہ کریں یا ہمیں **0800 269 450** (منی کوم **0800 096 2929**) پر کال کریں۔ لائنز پیر تا جمعہ صبح 8 تا رات 8 بجے تک اور بروز ہفتہ صبح 8 تا دن 2 بجے تک کھلی ہیں۔

Citizens Advice کی جانب سے خود مختار مدد

ہم ملک بھر میں موجود اپنے صارفین کو اپنی رقم کا نظم کرنے کے متعلق خود مختار مشورہ دینے کے لیے Citizens Advice Plymouth کے ساتھ بھی کام کر رہے ہیں۔ آپ انہیں موبائل فون سے 0808 223 1133، یا 0519 330 0300 پر کال کر سکتے ہیں۔

آپ کی پرانی میٹر ریڈنگز – صرف معلومات کے لیے:

	بجلی کے میٹر کی تفصیلات	گیس کے میٹر کی تفصیلات
MPAN / MPRN		
ریٹ 1		
ریٹ 2		
ریٹ 3		
ریٹ 4		
کریڈٹ بیلنس:		
ڈیبٹ بیلنس:		

میں نے مشورہ وصول کیا تھا اور مجھے میرے تنصیب کار کی جانب سے کارڈ دکھایا گیا تھا، جنہوں نے مجھے تمام حساس آلات آف کرنے کا مشورہ دیا تھا۔ جی ہاں (براہ کرم نشان لگائیں)	

صارف کے دستخط:	تاریخ:

Smart Energy GB حکومت کی جانب سے اسمارٹ میٹرز کی فراہمی کی قومی مہم چلانے کے لیے قائم کردہ ایک خود مختار تنظیم ہے۔ یہ انرجی سپلائرز، بشمول EDF کے ساتھ کام کر رہی ہے، تاکہ یقینی بنا سکے کہ ہر کسی کو ان معلومات تک رسائی حاصل ہے جو انہیں اسمارٹ میٹرز کے متعلق درکار ہیں۔ مزید جاننے کے لیے smartenergyGB.org پر جائیں۔

EDF انرجی EDF انرجی کسٹمرز لمیٹڈ، رجسٹریشن نمبر 02228297 کی جانب سے استعمال کیا جانے والا تجارتی نام ہے جس کا رجسٹرڈ دفتر 90 Whitfield Street, London, W1T 4EZ پر موجود، انگلینڈ اور ویلز میں قائم کردہ ہے۔

R1201.11.21.V8